© rasailojaraid.com



## ترکی میں قرآن کریم اور عربی زبان کی تدریس لازمی

ترکی کی حکومت نے تمام مدارس میں قرآن مجید کی تعلیم اور عربی زبان کی تدریس کو قرآن فہمی کی غرض سے دوسری زبان کی حیثیت سے لازمی قرار دیا ہے، تاکہ یونیورسٹی کی سطح پر پہنچنے والے طلباء کے اذہان وقلوب میں قرآن مجید کی روشن تعلیمات کا ایک واضح تصور ذہن نشین رہے۔ اور یہ چیز بدلتے سیاسی حالات میں ان نوجوانوں کے لیے ایک صحیح اور مثبت گائیڈ لائن کا کام دے گی۔ واضح رہے کہ یہ اہم کام ترکی کے موجودہ صدر رجب طیب اردگان کی توجہ خاص سے انجام پایا جو خود مدرسہ کے فارغ التحصیل ہیں اور بعد ازاں انھوں نے جامعہ مرمرہ سے ڈگری حاصل کی ہے۔

(محدث، بنارس، نومبر ۲۰۱۴ء)

## ''قرآنی دروس'' کی اشاعت

مدرسہ دینیہ (غازی پور) کے ترجمان رسالہ ''تذکیر'' کے ہر شمارہ میں مدیر ششماہی علوم القرآن پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی کا درسِ قرآن شائع ہوتا ہے جو بعد میں سہ ماہی نظام القرآن (مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر، اعظم گڑھ) اور بعض دیگر رسائل میں بھی نقل ہوتا رہتا ہے۔ دینیہ اکادمی مدرسہ دینیہ نے تذکیر میں شائع شدہ ۲۶ دروس کا مجموعہ ''قرآنی دروس (حصہ اول ودوم)'' کے نام سے شائع کیا ہے۔ ان دروس کے مضامین کی تیاری وترتیب میں قرآنی افکار وتعلیمات سے متعلق علوم القرآن میں شائع ہونے والے اداریوں سے کافی استفادہ کیا گیا ہے۔

قرآنی دروس کے اس مجموعہ میں قرآن کریم کا مقام و مرتبہ، فرض عبادات، اطاعتِ الٰہی، عبادت، امانت اور مسابقت کا قرآنی تصور، سماجی تعلقات، مالی معاملات، انسانی حقوق، عورتوں کے معاشی حقوق، اللہ کی قربت نصیب کرنے والی صفات (تقویٰ، توبہ واستغفار، صبر وشکر، تواضع وانکسار، بندگانِ خدا کے ساتھ حسن سلوک) اور اہلِ علم کے بنیادی اوصاف سے متعلق قرآنی آیات کی تشریح وتوضیح کی گئی ہے اور مختلف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مقامات پر برمحل احادیث بھی نقل کی گئی ہیں۔ اس کتاب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں روز مرہ زندگی سے متعلق قرآنی ہدایات وتعلیمات نہایت آسان زبان اور عام فہم اسلوب میں بیان کی گئی ہیں، تاکہ مردوں وعورتوں اور بڑوں وچھوٹوں سب کو زندگی کے مختلف پہلوؤں سے متعلق قرآن مجید کی ہدایات وتعلیمات کو سمجھنے میں دشواری نہ ہو۔ ۲۱۶ صفحات پر مشتمل اس کتاب کی قیمت سو روپیے ہے اور یہ ادارہ علوم القرآن (شبلی باغ، علی گڑھ) میں بھی دستیاب ہے۔ (ادارہ)


# قرآنی مقالات (جدید ایڈیشن)

مرتبہ: پروفیسر اشتیاق احمد ظلی

جس میں مولانا حمید الدین فراہیؒ، ان کے تلامذہ اور حاملینِ فکرِ فراہی کے قلم سے

- ☆ فلسفۂ نظم قرآن اور قرآن مجید کی ترجمانی کے اصول بتائے گئے ہیں۔
- ☆ بعض مشکل قرآنی آیات کی دل نشیں تشریح کی گئی ہے۔
- ☆ بعض قرآنی مباحث پر اہم تحقیقاتی مضامین شامل ہیں۔
- ☆ اقسام القرآن کے سلسلہ میں افکار فراہی کی مدلل ترجمانی کی گئی ہے۔
- ☆ قرآنی تعلیمات: تقویٰ، خلوص اور مومن کی مطلوبہ صفات بیان کی گئی ہیں۔

دائرۂ حمیدیہ (مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر، اعظم گڑھ) کے قدیم ترجمان

## "الاصلاح"

میں نصف صدی پیشتر شائع شدہ نایاب مقالات کا ایک نادر انتخاب

صفحات: ۳۳۶ قیمت: ۲۵۰ روپے Rs: 250/-

**IDARAH ULOOM AL-QURAN**

Shibli Bagh, Post-Box No.99, Aligarh-202002


© rasailojaraid.com